© rasailojaraid.com



# تبصرے

Abn Maskawaih. | از خواجہ عبدالحمید صاحب۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۳۰ صفحات

ٹائپ جلی اور روشن قیمت مجلد ۱۲؍

علامہ ابن مسکویہ المتوفی ۴۲۱ھ جس طرح اپنے عہد کے نامور طبیب، مورخ۔ اور علم الاخلاق کے ماہر وفاضل تھے ایک بلند پایہ فلسفی بھی تھے چنانچہ انھوں نے الفوز الاصغر کے نام سے فلسفہ میں بھی ایک کتاب اپنی یادگار چھوڑی ہے۔ اس کتاب میں علامہ نے وجودِ صانع روح اور نبوت پر ایک مسلمان فلسفی کی حیثیت سے کلام کیا ہے۔ خواجہ عبدالحمید صاحب نے جو گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفہ کے ہی استاد ہیں اس کتاب کا خلاصہ انگریزی میں منتقل کیا ہے اور پھر تقریباً چالیس صفحات میں علامہ ابن مسکویہ کے فلسفہ کی نمایاں خصوصیات پر فاضلانہ کلام کیا ہے اور اس سلسلہ میں یہ بھی بتایا ہے کہ علامہ مرحوم کے مخصوص طرز فکر وطریق استدلال کے در اصل ماخذ کیا ہیں اور انھوں نے ارسطو اور افلاطون کے علاوہ خود فارابی سے جس کے فلسفہ کی شہرت ابن مسکویہ کے عہد میں کمال کو پہنچ چکی تھی۔ کس حد تک استفادہ کیا ہے۔ اربابِ ذوق کے لئے عموماً اور فلسفہ کے طلبا اور اساتذہ کے لئے خصوصاً اس کا مطالعہ دلچسپی، افادہ اور ذہنی بصیرت کا موجب ہوگا۔

Muslim Contribution to Geography. | از جناب نفیس احمد صاحب ایم۔ اے پروفیسر جغرافیہ اسلامیہ کالج کلکتہ۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۸۰ صفحات

ٹائپ جلی اور روشن قیمت مجلد پانچ روپے۔



© rasailojaraid.com